**19.05.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ضمیر رضوی

**Music**

-------------------------------

☆ وزیر زراعت شیو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدے کی معطلی سے جموں وکشمیر، راجستھان، ہریانہ، پنجاب اور ہماچل پردیش کے کسانوں کو بہت فائدہ پہنچے گا۔

☆ خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے بھارت اور پاکستان سے متعلق خارجہ پالیسی کے موجودہ حالات وواقعات کے بارے میں پارلیمانی قائمہ کمیٹی کو جانکاری دی۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کیلئے نیدرلینڈس پہنچ گئے ہیں۔

☆ برطانیہ اور یوروپی یونین نے خوراک، ماہی گیری اور دفاع کے شعبوں میں سمجھوتہ کرلیا ہے۔

☆ کھیلوں کے وزیر منسکھ مانڈویا نے Diu میں پہلے کھیلو انڈیا Beach گیمز کا افتتاح کیا۔

☆ اور BCCI نے کہا ہے کہ ایشیائی کرکٹ کونسل کے مقابلوں میں بھارت کی شمولیت کے بارے میں ابھی کوئی فیصلہ نہیں ہوا ہے۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**Rev Shivraj Indus Water Treaty**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر جناب شیوراج سنگھ چوہان نے آج کہا ہے کہ سندھ آبی معاہدے کے عارضی طور پر معطل ہونے سے جموں و کشمیر، راجستھان، ہریانہ، پنجاب اور ہماچل پردیش کے کچھ حصوں کے کسانوں کو بے پناہ فائدہ ہوگا۔ وزیر موصوف نے یہ بات نئی دلّی میں ملک بھر کے کسانوں کے مختلف گروپوں کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ جناب چوہان نے، اِس بات کو اجاگر کیا کہ اِس پانی کے استعمال کا ایک جامع طریقۂ کار مستقبل میں وضع کیا جائے گا تاکہ سبھی کیلئے زیادہ فائدے کو یقینی بنایا جاسکے۔ جناب چوہان نے سندھ آبی معاہدے کی معطلی کو ایک تاریخی فیصلہ قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو پانی فراہم کیا جانا بھارتی کسانوں کے ساتھ ناانصافی ہے۔

**SB - Shivraj Singh Chaouhan**

مرکزی وزیر نے کسان گروپوں کے نمائندوں سے بھی بات چیت کی اور سندھ آبی معاہدے پر، اُن کی تجاویز حاصل کیں۔ **x**

## PM Mann Ki Baat

وزیرِ اعظم نریندر مودی 25مئی کو آکاشوانی پر 'مَن کی بات' پروگرام میں ملک اور بیرونِ ملک کے لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 122واں نشریہ ہوگا۔ لوگ ٹول فری نمبر 1800 - 11 - 7800 کے ذریعے پروگرام کیلئے اپنی رائے اور تجاویز بھیج سکتے ہیں۔ لوگ نریندر مودی ایپ یا My Gov اوپن فورم کے ذریعے بھی آن لائن اپنی تجاویز بھیج سکتے ہیں۔ آئندہ نشریے کیلئے تجاویز اِس ماہ کی 23 تاریخ تک قبول کی جائیں گی۔

## FS Briefing

خارجہ سکریٹری وکرم مِسری نے آج بھارت اور پاکستان کی موجودہ خارجی پالیسی کے حالیہ حالات و واقعات کے بارے میں پارلیمانی قائمہ کمیٹی کو تفصیلات بتائیں۔ انہوں نے کانگریس کے رکنِ پارلیمنٹ ششی تھرور کی سربراہی میں مذکورہ کمیٹی کو آپریشن سندور اور اِس کے بعد پاکستان کے ساتھ جنگ بندی کے اعلان کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کیا۔ میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے ، جناب تھرور نے تفصیلات کے بارے میں بتایا۔

**SB - 2100 - Shashi Tharoor**

ایسا پہلی مرتبہ ہے کہ حکومت کے ایک اعلیٰ اہلکار نے پہلگام دہشت گردانہ حملے اور پاکستان اور پاکستان کے قبضے والے جموں و کشمیر میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کے خلاف بھارت کی جوابی کارروائی کے بعد، خارجی پالیسی کے حالات و واقعات کے بارے میں ایک پارلیمانی پینل کو تفصیلات سے آگاہ کیا ہے۔ x

## Army Chief Review

فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دیویدی نے آج راجستھان کے Longewala میں ریگستانی علاقے میں کونارک کور کی اگلی چوکیوں کا دورہ کیا۔ کونارک کور کے جوانوں سے بات چیت کے دوران فوج کے سربراہ نے آپریشن سندور کے دوران فوجیوں کے بے مثال رول کیلئے انہیں مبارکباد دی۔ انہوں نے بھارتی فضائیہ اور سرحدی حفاظتی فورس کے ساتھ تال میل میں مشترکہ کارروائیوں کا بھی جائزہ لیا۔ جنرل دیویدی نے دشمنوں کے ڈرون حملوں کو کامیابی سے ناکام بنانے کیلئے فوجیوں کی ستائش کی۔ انہوں نے کمانڈروں اور اُن کی پیشہ ورانہ یونٹوں کے بلند حوصلے اور منصوبوں کی عمل آوری کے مربوط نفاذ کو بھی سراہا۔ x

## Punjab AIR Assault Golden Temple

بھارتیہ جنتا پارٹی کے قومی جنرل سکریٹری ترن چُگ نے کہا ہے کہ 8مئی کو امرتسر کے سری ہرمندر صاحب، گولڈن ٹیمپل پر پاکستان کی جانب سے کئے گئے مبینہ ہوائی حملے سے پاکستانی فوج اور حکومت کے ذہنی دیوالیہ پن کی عکاسی ہوتی ہے۔ جناب چُگ نے کہا کہ ہماری بہادر افواج نے بھارت کی سرزمین پر کئے گئے حملے کی کوشش کو ناکام بنا دیا۔

**S/B 2100 Tarun Chugh**

**Joshi Shivraj Rahul Comment**

مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے آج اپوزیشن کے رہنما راہل گاندھی پر الزام عائد کیا ہے کہ انہوں نے آپریشن سندور کے تعلق سے اپنے بیانات کے ذریعے مسلح فورسز کی توہین کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب جوشی نے کہا کہ جناب گاندھی بھارتی فضائیہ اور خارجی امور کی وزارت کی جانب سے تصدیق شدہ اِن بیانات کے باوجود، کہ آپریشن کے دوران کوئی نقصان نہیں ہوا ہے، ملک کی مسلح فورسز کی توہین کرتے رہے ہیں۔ وزیر موصوف نے الزام عائد کیا کہ سینئر کانگریس رہنما نے MEA ، یہاں تک کہ DGMO کے پہلے کے تصدیق شدہ بیانات کو غلط طریقے سے پیش کیا ہے۔ مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے بھی اِس معاملے پر جناب گاندھی کی نکتہ چینی کی ہے۔ جناب گاندھی نے آپریشن سندور کے تعلق سے وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے سوال کیا تھا۔ x

**Rev. HM OCI Portal**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج نئی دلّی میں بیرون ممالک میں آباد بھارتی شہریوں OCI کے لیے نئے پورٹل کی شروعات کی ہے۔ یہ نیا پورٹل، موجودہ 50لاکھ سے زیادہ OCI کارڈ ہولڈرس اور نئے صارف کے لیے بہتر طور پر کام کرنے کی سہولت، جدید سکیورٹی اور صارف دوست تجربہ فراہم کرے گا۔ اِس موقع پر وزیر داخلہ نے کہا کہ بھارت، OCI کارڈ ہولڈرس کو عالمی درجے کی نقل مکانی سے متعلق سہولیات فراہم کرنے کی مسلسل کوشش کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک آباد شہریوں کے رجسٹریشن کے عمل کو آسان بنانے کے لیے تازہ ترین صارف اِنٹرفیس کے ساتھ نیا OCI پورٹل کا آغاز کیا گیا ہے۔ جناب شاہ نے اِس بات پر زور دیتے ہوئے کہا کہ دنیا بھر کے مختلف ممالک میں رہ رہے بہت سے ہند نژاد شہریوں کے لیے یہ یقینی بنایا جانا چاہیے کہ ہندوستان آنے یا یہاں قیام کے دوران انہیں کسی طرح کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ x

**Jaishankar Europe Visit**

وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج صبح نیدر لینڈس میں ہیگ کے مقام پر اسٹریٹیجک ماہرین کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔ میٹنگ کے بعد ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اُن کا ماہرین کے ساتھ خوشگوار ماحول میں تبادلۂ خیال ہوا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ انہوں نے اِس بات پر بات چیت کی کہ بھارت، نیدر لینڈس اور یوروپی یونین کو کثیر قطبی اور اہمیت کے حامل خود مختاری کے اِس دور میں کیوں زیادہ گہرائی کے ساتھ منسلک ہونا چاہیئے۔ وزیرِ خارجہ نیدر لینڈس، ڈنمارک اور جرمنی تین ملکوں کے اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں ہیگ پہنچ گئے ہیں۔ خارجی امور کی وزارت MEA نے بتایا کہ وزیرِ خارجہ اپنے دورے کے دوران تینوں ملکوں کی لیڈر شپ سے ملاقات کریں گے اور اپنے ہم منصبوں کے ساتھ تبادلۂ خیال کریں گے۔ x

**MHA Zero FIR**

داخلی امور کی وزارت کے انڈین سائبر کرائم کوآرڈی نیشن سینٹر، آئی 4سی نے مجرمین پر لگام لگانے کیلئے

ایک نئی ای–زیرو FIR پہل شروع کی ہے۔ دلّی میں پائلٹ پروجیکٹ کے طور پر شروع کی گئی اِس پہل کے تحت نیا نظام نیشنل سائبر کرائم رپورٹنگ پورٹل یا 1930 پر درج کئے گئے سائبر معاشی جرائم کو FIR میں تبدیل کردے گا۔ شروعات میں یہ عمل 10لاکھ روپئے سے زیادہ کی حد والے معاملات کے ساتھ ہوگا۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب امت شاہ نے کہا کہ سائبر جرائم پر لگام لگانے کیلئے جاری جانچ سے متعلق اِس نئے نظام کی جلد ہی پورے ملک میں توسیع کردی جائے گی۔ جناب شاہ نے مزید کہا کہ حکومت سائبر سکیورٹی ڈھانچے کو تقویت دے رہی ہے تاکہ سائبر Secure بھارت تعمیر کیا جاسکے۔x

## GeM CEO

گورنمنٹ ای–مارکیٹ پلیس، GeM، رسائی اور کفایت کے معاملے میں نئی بنیاد رکھتے ہوئے دنیا کا سب سے بڑا اور سب سے کفایتی عوامی ای–خریداری پلیٹ فارم بن کر ابھرا ہے۔ GeM کے چیف ایگزیکیٹو افسر Mihir Kumar نے آج نئی دلّی میں GeM کی شروعات کے آٹھ سال مکمل ہونے پر منعقدہ اخباری کانفرنس میں یہ بات کہی۔ جناب کمار نے کہا کہ GeM نے 10لاکھ سے زیادہ MSMEs، ایک لاکھ 30ہزار سے زیادہ بڑھئی اور بنگروں، ایک لاکھ 84ہزار خواتین کاروباریوں اور 31ہزار اسٹارٹ اَپس کو شامل کیا ہے۔

S/B 2100 Mihir Kumar

## Bihar Chirag Paswan

خوراک کو ڈبہ بند کرنے کی صنعتوں کے مرکزی وزیر چراغ پاسوان نے آج کہا ہے کہ خوراک کو ڈبہ بند کرنے کے شعبے میں ترقی کے بے پناہ امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بہار میں خوراک کو ڈبہ بند کرنے کے سیکٹر سے منسلک افراد وکست بھارت میں خاطر خواہ تعاون دے سکتے ہیں۔ جناب پاسوان پٹنہ میں خریداروں اور فروخت کنندگان کی دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ اِس سیکٹر میں نوجوانوں کیلئے بے پناہ مواقع موجود ہیں اور اس میں شامل ہونے پر نوجوان روزگار کے خواہشمند ہونے کے بجائے روزگار فراہم کرنے والے بن سکتے ہیں۔

SB - 2100 - Chirag Paswan

## Pradhan Summer Camp

مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے آج دلّی میں بھارتی بھاشا سَمر کیمپ کی شروعات کی، جس میں بھارت کی بنیادی زبان اور خصوصی موڈیول شامل ہیں۔ تقریب کے موقع پر انہوں نے کہا کہ یہ سَمر کیمپ طلباء کو اپنی مادری زبان کے ساتھ ساتھ دوسری زبانیں بھی سیکھنے میں مدد فراہم کرے گا۔

بھارتی آرمڈ فورس کی اہمیت اور آپریشن سندور کی کامیابی کو اجاگر کرتے ہوئے جناب پردھان نے کہا کہ بھارتی ٹیکنالوجی بھی آپریشن سندور میں استعمال ہوئی ہے، جس سے ملک کے اساتذہ کا قد بڑھا ہے۔ وزیر موصوف

نے کہا کہ بھارتی طلباء عالمی سطح کے کسی بھی مقابلے میں پیچھے نہیں رہیں گے۔ انہوں نے طلباء کو مصنوعی ذہانت جیسے مضامین میں دلچسپی لینے کے لیے زور دیا۔×

## EU UK Deal

برطانیہ اور یوروپی یونین خوراک ، ماہی گیری تک رسائی، دفاع اور برطانیہ کا سفر کرنے والوں کی eGates تک رسائی کے معاملے پر ایک سمجھوتے پر پہنچ گئے ہیں۔ لندن میں ہوئے آج اس نئے سمجھوتے میں سلامتی اور دفاعی ساجھیداری سے متعلق اعلان بھی شامل رہا۔ برطانوی حکومت نے کہا ہے کہ اِس سے یوروپی یونین کے مجوزہ نئے 150ارب یورو سکیورٹی ایکشن یوروپ ڈیفنس فنڈ ، SAFE میں برطانیہ کی دفاعی صنعت کی شمولیت کی راہ ہموار ہوگی۔ x

## Karnataka Bengaluru Rain

بنگلورو میں شہر کے مختلف حصوں میں رات بھر کی موسلادھار بارش کہ وجہ سے وائٹ فیلڈ میں 35سالہ ایک خاتون کی، اُس پر دیوار گرنے سے موت ہوگئی۔ Kengeri میں تقریباً 100 گھروں میں پانی بھر گیا اور پانی کو نکالنے کیلئے پمپ سیٹوں کا استعمال کیا گیا۔ شہر میں رات بھر ہوئی بارش کی وجہ سے Koramangala، اندرا نگر، سِلک بورڈ جنکشن، سری سائی Layout،Rainbow Drive Layout میں سڑکوں اور گھروں میں پانی بھر گیا۔ شہر میں 66ملی میٹر بارش ہوئی۔ سڑکوں پر کھڑی ہوئی بہت سی گاڑیاں پانی میں ڈوب گئیں۔

نائب وزیر اعلیٰ ڈی کے شیو کمار نے ، جو بنگلورو کے انچارج بھی ہیں، میونسپل کارپوریشن کے حکام سے امدادی کارروائیاں انجام دینے کیلئے کہا ہے۔

میونسپل کارپوریشن نے ٹریکٹروں ، JCBs ، پمپ سیٹوں اور NDRF کی ٹیموں کے ساتھ آگ بجھانے والے اہلکاروں کو روانہ کیا ہے تاکہ مہادیو پورا میں بارش کا پانی بھر جانے کے سبب لوگوں کو خوراک اور پینے کا پانی فراہم کیا جاسکے۔ یہ ٹیمیں شہر کے پانی بھرے ہوئے علاقوں میں گرے ہوئے پیڑوں کو بھی ہٹا رہی ہیں۔ x

## Balochistan Balast

بلوچستان میں قلعہ عبد اللہ ضلعے کے گلستاں علاقے میں ایک کار بم دھاکے میں کم از کم 4افراد ہلاک اور 20دیگر زخمی ہوگئے۔ خبر ہے کہ یہ دھماکہ پاکستان فرنٹیر کور کے قلعے سے متصل گلستاں ٹاؤن میں کوئٹہ چمن قومی شاہراہ پر واقع جبار کمرشل مارکیٹ میں پیش آیا۔ ممنوعہ دہشت گرد تنظیم تحریکِ طالبان پاکستان نے اِس حملے کی ذمہ داری قبول کی ہے۔ x

## Rev. Khelo India

کھیلوں کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا نے آج مرکز کے زیر انتظام علاقے Diu کے گھوگھلا Beach پر

اب سے کچھ دیر قبل، پہلے کھیلو انڈیا Beach گیمز کا افتتاح کیا ہے۔ اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب مانڈویا نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک میں کھیلوں کو فروغ دینے کیلئے متعدد اقدامات کئے گئے ہیں۔

**S/B Final 2100 Mandviya Khelo India Beach**

ملک بھر سے ایک ہزار سے زیادہ کھلاڑی اِن کھیلوں میں حصہ لیں گے۔ یہ کھیل مقابلے ہفتے کے روز اختتام پذیر ہوں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

**V/C Aparna Khunt**

اگلے چھ دن تک چلنے والے کھیلو انڈیا Beach گیمز میں ملک بھر کے ایک ہزار سے زیادہ ایتھلیٹ، چھ میڈل مقابلوں اور دو Demonstration کھیلوں میں ایک دوسرے سے مقابلہ آرائی کریں گے۔ یہ پہلا موقع ہے جب کھیلو انڈیا کے تحت پہلے Beach گیمز کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ میڈل مقابلوں میں Beach Soccer، بیچ والی بال، بیچ کبڈی، Beach Sepek ٹکراؤ، Pencak Silat اور اوپن واٹر تیراکی شامل ہیں۔ وہیں دو روایتی کھیلوں میں ملکھامب اور رَسّہ کشی کا کھیل شامل ہیں۔ اس موقع پر کھیلوں کی مرکزی وزیر مملکت رکشا نکھل کھڑسے، مرکز کے زیر انتظام علاقوں دادرا اور نگر حویلی اور دمن اور دیو کے ایڈمنسٹریٹر پرفل کھوڑا بھائی پٹیل اور کھیلوں کی دنیا کی سرکردہ شخصیات موجود تھیں۔ اس دوران گجرات کے عوامی رقص گربا سمیت خطے کی گوناگوں ثقافت کو پیش کیا گیا۔

احمدآباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں شبانہ رحمن

## BCCI Asia Cup

BCCI کے سکریٹری دیوا جیت سیکیا نے آج کہا کہ ایشائی کرکٹ کونسل (ACC) کے تقریب میں شرکت سے متعلق کوئی بھی معاملہ کسی بھی سطح پر بات چیت کے لیے نہیں آیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس موضوع پر کوئی بھی خبر یا رپورٹ خاص طور سے قیاس پر مبنی ہوتی ہے۔ اِس سے قبل (BCCI) کے بارے میں مختلف رپورٹ سامنے آئیں، جن میں ACC کو خواتین کے ایمرجنگ ایشیا کپ اور مردوں کے ایشیا کپ سے واپسی لینے کے فیصلے سے آگاہ کیا گیا جو جون اور ستمبر میں ہونے ہیں۔×

☆☆☆☆☆☆